چیف ایڈیٹر: ضیا شاہد
Daily KHABRAIN
روزنامہ خبریں
ایڈیٹر: امتنان شاہد
جمعۃ المبارک 7 شوال 1436ھ 24 جولائی 2015ء 9 ساون 2071ب

23 25 July 2015, Islamabad, Pakistan

اسلام آباد: ڈاکٹر افتخار احمد چیئرمین پی اے آر سی موسمیاتی تغیرات کی کانفرنس کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں جبکہ مسٹر شاہ، سمن سابقہ وفاقی وزیر [illegible] میشن مس فرزانہ یعقوب وفاقی وزیر برائے وومن ڈویلپمنٹ اینڈ سوشل ویلفیئر آزاد جموں اینڈ کشمیر حاجی محمد اکمل وزیر جنگلات سندھ [illegible] آئی سی آئی ایم او ڈی سید محمود ناصر آئی جی فارسٹ اور مسٹر عبدالقیوم سلہری ایس ڈی پی آئی تمام معززین کانفرنس میں شریک ہیں

ہاؤسنگ سوسائٹیز کو زرعی تحقیقاتی ادارے پر ترجیح نہ دی جائے، عالمی کانفرنس کا مطالبہ

نئی پلانٹیشن ضرور کی جائے مگر پہلے سے موجود جنگلات کا تحفظ کیا جائے: ڈاکٹر افتخار احمد

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) موسمیاتی تبدیلی پر عالمی کانفرنس کے موقع پر متفقہ طور پر قرارداد پاس کی گئی ہے کہ NARC زرعی تحقیقی ادارے کو ختم کر کے CDA کی طرف سے تجویز کردہ سری کو فی الفور مسترد کیا جائے کیونکہ NARC جیسے ادارے ملکی فوڈ سیکورٹی کی ضمانت ہیں جہاں پہلے ہی ملک میں جنگلات کے خاتمے اور ہریالی کو ختم کیا جا رہا ہے جو نہ صرف ملک کیلئے بلکہ انسانی زندگی کیلئے بھی خطرے کا باعث ہے۔ ان حالات میں یہ عالمی کانفرنس پاکستان کے وزیر اعظم اور دیگر اداروں سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ ہاؤسنگ سوسائٹیز کو زرعی تحقیقی ادارے پر ترجیح نہ دی جائے۔ ایسے ادارے بنانے میں کئی سال لگتے ہیں۔ کانفرنس میں سفارش کرتے ہوئے یہ کہا گیا کہ نئی پلانٹیشن ضرور کی جائے مگر پہلے سے موجود جنگلات کا تحفظ کیا جائے۔ اسلام آباد میں 23 سے 25 جولائی ایک پالیسی کانفرنس منعقد کی جا رہی ہے۔ جس کا موضوع مندرجہ بالا ہے۔ اس تقریب میں دریائے سندھ کے آبگیرہ علاقہ میں موسمیاتی تغیرات اور موافقت پر کام کرنے والے سو سے زائد سائنسدان، پالیسی ساز، یونیورسٹی کے طلبہ و طالبات اور ماہرین شرکت کریں گے۔